© rasailojaraid.com


آئین ودستور

# قراردادِ مقاصد کا متن

۷؍مارچ ۱۹۴۹ء کو پاکستان کے سب سے پہلے وزیر اعظم قائد ملت جناب لیاقت علی خان مرحوم نے ملک کی مجلس دستور ساز میں حسبِ ذیل قرار داد پیش کی۔ ۱۲؍مارچ کو یہ قرار داد منظور کی گئی۔ یہ تاریخی قرار داد 'قراردادِ مقاصد' کے نام سے مشہور ہے جس کا متن پیش خدمت ہے:

چونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کل کائنات کا بلا شرکتِ غیر حاکم مطلق ہے اور اس نے جمہور کی وساطت سے مملکت پاکستان کو اختیارِ حکمرانی اپنی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کے لئے نیابتاً عطا فرمایا ہے اور چونکہ یہ اختیارِ حکمرانی ایک مقدس امانت ہے، لہٰذا جمہور پاکستان کی نمائندہ یہ مجلسِ دستور ساز فیصلہ کرتی ہے کہ آزاد وخودمختار مملکت پاکستان کے لئے ایک دستور مرتب کیا جائے جس کی رو سے مملکت کے جملہ حقوق واختیارات حکمرانی جمہور کے منتخب کردہ نمائندوں کے ذریعے سے استعمال کرے۔

جس میں اُصولِ جمہوریت وحریت ومساوات و رواداری اور عدل عمرانی کو جس طرح اسلام نے ان کی تشریح کی ہے، پورے طور پر ملحوظ رکھا جائے۔

جس کی رُو سے مسلمانوں کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی زندگی کو اِسلامی تعلیمات ومقتضیات کے مطابق جو قرآنِ مجید اور سنتِ رسولؐ میں متعین ہیں، ترتیب دے سکیں۔

☜ جس کی رو سے اس امر کا وافی انتظام کیا جائے کہ اقلیتیں آزادی کے ساتھ اپنے مذہب پر عقیدہ رکھ سکیں اور اس پر عمل کر سکیں۔ اور اپنی ثقافت کو ترقی دے سکیں۔

☜ جس کی رو سے وہ علاقے جو فی الحال پاکستان میں داخل ہیں یا شامل ہو گئے ہیں اور ایسے دیگر علاقے جو آئندہ پاکستان میں داخل یا شامل ہو جائیں، ایک وفاقیہ بنائیں جس کے

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اَرکان مقرر کردہ حدود اربعہ و متعینہ اختیارات کے ماتحت خود مختار ہوں۔

- جس کی رو سے بنیادی حقوق کی ضمانت دی جائے اور ان حقوق میں قانون و اخلاقِ عامہ کے ماتحت مساواتِ حیثیت و مواقع قانون کی نظر میں برابری، عمرانی، اقتصادی اور سیاسی عدل، خیال، اظہار، عقیدہ، دین، عبادت اور اِرتباط کی آزادی شامل ہو۔
- جس کی رو سے اقلیتوں اور پسماندہ اور پست طبقوں کے جائز حقوق کے تحفظ کا وافی انتظام کیا جائے۔
- جس کی رو سے نظامِ عدل کی آزادی کامل طور پر محفوظ ہو۔
- جس کی رو سے وفاقیہ کے علاقوں کی صیانت، اس کی آزادی اور اس کے جملہ حقوق کا جن میں اس کے برو بحر اور فضا پر سیادت کے حقوق شامل ہیں، تحفظ کیا جائے۔

**تاکہ** اہل پاکستان فلاح وخوش حالی کی زندگی بسر کرسکیں۔ اَقوامِ عالم کی صف میں اپنا جائز اور ممتاز مقام حاصل کرسکیں اور امن عالم کے قیام اور بنی نوعِ انسان کی ترقی و بہبودی میں کما حقہ اِضافہ کرسکیں۔


منبر التوحید و السنۃ کی جانب سے

مسجد لائبریری اور دیگر لائبریریوں کے لیے خوشخبری

ڈاکٹر سید شفیق الرحمٰن کی کتابوں کا سیٹ حاصل کرنے کے لیے

۵۰ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت کتابیں حاصل کیجیے۔

کتابوں کے نام: نمازِ نبوی ﷺ، گناہِ کبیرہ، اِسلامی آدابِ زندگی، تجدید ایمان حبِ رسول ﷺ کی آڑ میں مشرکانہ عقائد، جمہوریت دین جدید، طاغوت، طائفہ منصورہ کی صفات اور اس کے علاوہ مختلف موضوعات پر لکھے گئے پمفلٹ

مسجد توحید، خدا بخش روڈ، بالمقابل جعفریہ کالونی، عقب سوڈیوال کوارٹرز، ملتان روڈ، لاہور


www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com